02.08.2024

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

Music

-----------------------------

1-صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج سے راشٹرپتی بھون میں گورنروں کی دو روزہ کانفرنس کی صدارت کررہی ہیں۔

2-اتراکھنڈ میں کیدار ناتھ دھام میں پھنسے یاتریوں کو محفوظ مقامات پر لے جانے کیلئے آج دوسرے دن بھی راحت اور بچاؤ کارروائی جای ہے۔

3-امریکی صدر بائیڈن نے ایران کی طرف سے سبھی دھمکیوں کے خلاف، اسرائیل کی سلامتی کے اپنے عزم کو دوہرایا ہے۔

4-پیرس اولمپک کھیلوں میں آج شام بیڈمنٹن میں مردوں کے سنگلز کوارٹر فائنل میں بھارت کے لکشیہ سین کا مقابلہ چینی تائپے کے Chou Tien In Chen سے ہوگا۔

5-اور کرکٹ میں، بھارت اور سری لنکا کے درمیان تین ایک روزہ میچوں کی سیریز کا پہلا میچ آج سہ پہر کولمبو میں کھیلا جائے گا۔

Music

اب خبریں تفصیل سے---

Prez-Governors Conference

آج سے راشٹرپتی بھون میں گورنروں کی دو روزہ کانفرنس شروع ہوئی۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو راشٹرپتی بھون میں گورنروں کی اس کانفرنس کی صدارت کررہی ہیں۔ گورنروں کی یہ پہلی کانفرنس ہے، جس کی صدارت صدرِ جمہوریہ کررہی ہیں۔ سبھی ریاستوں کے گورنرس، کانفرنس میں شرکت کررہے ہیں۔ نائب صدرِ جمہوریہ جگدیپ

دھنکھڑ، وزیر اعظم نریندر مودی اور امت شاہ، دھرمیندر پردھان، شیو راج سنگھ چوہان، اشونی ویشنو اور ڈاکٹر منسکھ مانڈویا سمیت بہت سے مرکزی وزراء کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ نیتی آیوگ کے نائب چیئرمین اورCEO ، پی ایم او کے دیگر سینئر افسران اور وزارتِ داخلہ کے کابینہ سکریٹری بھی کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ کانفرنس کے ایجنڈے میں تین فوجداری قوانین پر عمل درآمد، اعلیٰ تعلیم میں اصلاحات اور یونیورسٹیوں کی وابستگی نیز قبائلی علاقوں، امنگوں والے اضلاع اور بلاک اور سرحدی علاقوں جیسے ترقی والے میدانوں پر توجہ دی جائے گی۔ مائی بھارت، ایک بھارت شریشٹھ بھارت اور ایک وِرکش ماں کے نام نیز قدرتی کاشت کاری جیسی مہم میں گورنروں کے رول پر بھی تبادلہئ خیال کیا جائے گا۔

ریاستوں میں مختلف مرکزی ایجنسیوں کے مابین بہتر تال میل میں عوامی رابطوں اور گورنروں کے رول میں اضافہ بھی ایجنڈے کا حصہ ہے۔

## Kedarnath Yatra Suspended

اتراکھنڈ میں یاترا کے راستے پر چٹانوں کے ٹکڑے گرنے کی وجہ سے کیدار ناتھ یاترا عارضی طور پر روک دی گئی ہے۔ اِدھر وہاں پھنسے ہوئے دو ہزار سے زیادہ لوگوں کو بچاکر باہر نکال لیا گیا ہے۔SDRF ، NDRF، پولیس اور ضلع انتظامیہ کی مربوط کوششوں کی بدولت ایسا ممکن ہوسکا ہے۔

ریاست کے وزیراعلیٰ پُشکر سنگھ دھامی نے متاثرہ علاقوں کا فضائی معائنہ کیا اور اِن علاقوں کا دورہ کرکے امدادی کیمپوں میں مختلف طرح کے انتظامات کا جائزہ بھی لیا۔

ریاست میں بدھ کی رات کو موسلادھار بارش ہونے سے سڑکوں، پُلوں، بجلی اور پانی کی لائنوں اور زرعی آراضی کو شدید نقصان پہنچا تھا۔ اِدھر وزیراعظم نریندر مودی تیز بارش سے پیدا صورتحال پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہیں۔وزیراعلیٰ کی درخواست پر وزیراعظم کے دفتر نے بھرپور مدد کا یقین دلایا ہے۔

## IAF-HADR

بھارتی فضائی فوج کیرالہ میں وائناڈ اور اتراکھنڈ کی پہاڑیوں میں ایک ساتھ انسانی ہمدردی کی امداد اور قدرتی آفات سے پیدا حالات کے تناظر میں راحت پہنچانے کا کام انجام دے رہی ہے۔ اتراکھنڈ میں بادل پھٹنے کے حالیہ واقعہ کے تناظر میں بھارتی فضائیہ کے Chinook اور Mi-17V5 طرز کے ہیلی کاپٹروں کو Gaucher میں تعینات کیاگیا ہے اور این ڈی آر ایف کی ٹیموں اور امدادی سامان کو سرگرمی کے ساتھ

متعلقہ مقامات تک پہنچایا جارہا ہے اور تلاش اور بچاؤ کی کارروائی انجام دی جارہی ہے۔

Day Kerala-Wayanad

کیرالہ میں، ویاناڑ میں، جہاں زمینی تودے گرگئے تھے، تلاش کا کام جنگی پیمانے پر جاری ہے۔ بڑے پیمانے پر یہ قدرتی آفت منگل کو آئی تھی، جس میں ابھی تک تقریباً 300 افراد ہلاک ہوچکے ہیں۔

EC-Jharkhand

2024کے اسمبلی انتخابات سے قبل انتخابی کمیشن نے جھارکھنڈ سرکار کو ہدایت دی ہے کہ اُن افسروں کا تبادلہ کیا جائے، جو اپنی آبائی ریاست میں تعینات ہیں اور اِس کے ساتھ ساتھ وہ افسر بھی جو ایک ہی جگہ پر پچھلے تین سال سے کام کررہے ہیں۔ انتخابات سے براہ راست طور پر وابستہ ایسے کسی بھی افسر کو اپنی پوسٹنگ کے موجودہ ضلعے میں برقرار رہنے کی اجازت نہیں ہوگی، اگر وہ اپنے آبائی ضلعے میں تعینات ہے۔چیف سکریٹری کو بھیجے گئے ایک مراسلے میں انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ ریاستی سرکار کو اِس سلسلے میں 20 اگست تک اپنی رپورٹ پیش کرنا ہوگی۔ اس کے علاوہ ریاستی حکومت کو اِس بات کو بھی یقینی بنانا ہوگا کہ سیاسی رجحان رکھنے والے عہدیدار چناؤ عمل میں کوئی دخل اندازی نہ کریں اور برابر کے موقعوں میں بھی کوئی خلل نہ ڈالیں۔

RS-Fake News

اطلاعات و نشریات کی وزارت کے تحت پریس انفارمیشن بیورو کے، حقائق کا پتہ لگانے والے یونٹ نے ایسے 9 ہزار 922 Messages کا پردہ فاش کیا ہے، جو فرضی خبروں کے طور پر پھیلائے جارہے تھے۔ یہ بات اطلاعات و نشریات کے وزیر مملکت ڈاکٹر ایل مروگن نے کہی۔ آج راجیہ سبھا میں ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ حقائق کا پتہ لگانے والا یہ یونٹ 2019 میں قائم کیا گیا تھا اور ایسا کوئی منصوبہ نہیں ہے کہ اِس کے علاقائی یونٹ بھی قائم کئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ یونٹ نئی دلّی میں قائم ہے۔ فرضی خبروں کو ایک سماجی برائی قرار دیتے ہوئے، وزیر موصوف نے کہا کہ جھوٹی خبریں اور گمراہ کن اطلاعات پر قابو پایا جانا چاہیئے۔ فرضی خبروں کے بارے میں TMC کے ممبر پارلیمنٹ کے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے، اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ

حکومت سے متعلق، کسی بھی بات کے بارے میں صرف حکومت بتا سکتی ہے کہ یہ درست ہے یا نہیں۔ انہوں نے کہا کہ حقائق پتہ لگانے کا تعلق حکومت سے ہے۔ چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ نے کہا کہ میڈیا، جمہوریت کا چوتھا ستون ہے، جو جمہوریت کا ایک لازمی اثاثہ ہے۔

## Stock Early

آج صبح کاروبار کے آغاز میں گھریلو عدد اشاریوں میں ایک ایک فیصد کی کمی آئی اور عالمی سطح پر بھی بازاروں میں سست روی پائی گئی۔ بامبے اسٹاک ایکسچینج کے سینسیکس میں 640 پوائنٹس کا اضافہ ہوا اور یہ کاروبار کے آغاز میں 81 ہزار 227 پر پہنچ گیا۔ قومی اسٹاک ایکسچینج نِفٹی 50 میں بھی 271 پوائنٹس کی کمی آئی اور یہ 24 ہزار 740 پر آگیا۔ امریکی کرنسی کے مقابلے روپے کی قدر 83 روپے 73 پیسے رہی، جبکہ بیرونِ ملک خام تیل کی قیمتوں میں اضافہ ہوا۔ بینکوں کے مابین کرنسی کے لین دین میں گھریلو کرنسی، 83 روپے 74 پیسے کی قدر پر کھلی اور اِس میں ڈالر کے مقابلے بہت ہی معمولی اضافہ ہوکر یہ 83 روپے 73 پیسے ہوگئی۔

## PM-Agri Conference

وزیر اعظم نریندر مودی Agricultural Economonists (ICAE) کی 32 ویں بین الاقوامی کانفرنس کا کل نئی دلی میں افتتاح کریں گے۔ اس موقع پر وہ شرکاء سے خطاب بھی کریں گے۔ اس سال اس کانفرنس کا موضوع ہے ’زرعی خوراک کے پائیدار نظام کی سمت پیش رفت‘۔ یہ کانفرنس عالمی زرعی چیلنجوں کے تئیں بھارت کے فعال نقطہٴ نظر کی نشاندہی کرے گی اور زرعی تحقیق اور پالیسی میں ملک کی پیش رفت کو بھی اجاگر کرے گی۔ اس کانفرنس میں تقریباً 75 ممالک سے ایک سے زیادہ وفود شرکت کریں گے۔

## US-Israel Talks

امریکی صدر جوبائیڈن نے کل رات اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامین نتن یاہو سے فون پر بات کی اور اسرائیل کے خلاف سیدھے حملے کی ایران کی دھمکی سے نمٹنے کے لیے امریکہ کی نئی فوجی تعیناتی پر تبادلہ خیال کیا۔ وہائٹ ہاؤس نے ایک بیان میں کہا ہے کہ صدر بائیڈن نے ایران سے ہر طرح کے خطرات کے خلاف اسرائیل کی سیکورٹی کے تئیں اپنے عہد کو دوہرایا، جس میں ایران کے در پردہ دہشت گرد گروپ حماس، حزب اللہ اور حوثی شامل ہیں۔اسرائیل کے دفاع کے تئیں اپنے عزم کے ساتھ ساتھ

امریکی صدر نے خطے میں کشیدگی کم کرنے کے لیے جاری کوششوں کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ امریکہ کی نائب صدر کملا ہیرس نے بھی اِس گفتگو میں حصہ لیا۔اِدھر بدھ کے روز تہران میں حماس کے سیاسی امور کے لیڈر اسماعیل ہانیہ کی ہلاکت کے بعد ایران کے کسی بھی طرح کے حملے کا سامنا کرنے کے لیے اسرائیلی فوج نے تیاری کرلی ہے۔اسرائیل کے وزیر دفاع کے دفتر کے ذرائع کے مطابق اسماعیل ہانیہ کی ہلاکت کا انتقام لینے کے لیے ایران کے رہبراعلیٰ علی خامنہ ای نے اسرائیل پر جوابی حملہ کرنے کی جو بات کہی ہے، اُس تناظر میں اسرائیل کی دفاعی افواج نے کسی بھی طرح کی ناگہانی صورتحال کے لیے خود کو تیار کرلیا ہے۔

US-Russia

امریکہ اور روس نے سرد جنگ کے ختم ہونے کے بعد سے قیدیوں کے سب سے بڑے تبادلے کا عمل مکمل کرلیا ہے۔ ایک کثیر ملکی سمجھوتے کے تحت روس کے 10 قیدیوں کے بدلے مختلف ملکوں کے 16 قیدیوں کو ترکی کے شہر انقرہ میں فضائیہ کے اڈے پر لایا گیا۔ روس نے تین امریکیوں کو رہا کیا ہے، جس میں وال اسٹریٹ جرنل کے رپورٹرEvan Gershkovich، امریکی میرین اہلکار Paul Whelanاور امریکہ نژاد روس کے صحافی Alsu Kurmashevaشامل ہیں۔ یہ تینوں امریکی آدھی رات سے کچھ دیر قبل Maryland میں امریکی سرزمین پر واپس آکر اپنے اپنے اہل خاندان سے پُرجوش طریقے سے ملے۔ اِس موقع پر امریکی صدر جوبائیڈن اور نائب صدر کملاہیرس بھی موجود تھیں۔رہا کئے گئے تینوں امریکیوں کو طبی جانچ کے لیے Texasلے جایا جائے گا۔ امریکی صدر جوبائیڈن نے اِن افراد کی رہائی میں امریکہ کے اتحادی ملکوں، خاص طور پر جرمنی اور سلووینیا کے رول کی ستائش کی ہے اور اُن کی رہائی کو سفارتکاری کا ایک اہم کارنامہ قرار دیا ہے۔

Olympics-Day-7 Chedule

پیرس اولمپکس 2024 میں بھارت کے سرکردہ بیڈمنٹن کھلاڑی لکشیہ سین کا مقابلہ مردوں کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں بارہویں درجے کے، چینی تائپے کے Chou Ten Chenسے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام ساڑھے چھ بجے شروع ہوگا۔ سین اولمپکس میں فی الحال واحد باقی بچے ہوئے بھارتی بیڈمنٹن کھلاڑی ہیں۔ مردوں کی ہاکی میں ٹیم انڈیا پُول اے کے میچ میں آسٹریلیا کے ساتھ کھیلے گی۔ جُوڈو میں بھارت کی تُلیکا مان کا مقابلہ خواتین کے 78 کلو سے زیادہ کے زمرے میں کیوبا کی Idalys Ortiz سے ہوگا۔ یہ میچ دوپہر دو بجکر 12 منٹ پر کھیلا جائے گا۔ ایتھلیٹکس میں پارُل چودھری خواتین کی پانچ ہزار میٹر کے کوالیفکیشن راؤنڈ میں اپنی

کارکردگی کا مظاہرہ کریں گی۔ یہ مقابلہ رات 9 بجکر 40 منٹ پر ہوگا۔ بھارت کے گولف کھلاڑی گگن جیت بھُلّر اور شُبھانکر شرما نیز کَشتی راں Nethra کُمانَن اور وِشنو Saravanan بھی اپنے اپنے مقابلوں میں حصہ لیں گے۔

India Srilanka Cricket

کرکٹ میں بھارت اور سری لنکا کے درمیان تین میچوں کی سیریز کا پہلا ایک روزہ بین الاقوامی میچ آج کولمبو میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ پریم داسا اسٹیڈیم میں آج دوپہر ڈھائی بجے شروع ہوگا۔ روہت شرما کی قیادت والی یہ ٹیم ایک بار پھر سیریز اپنے نام کرنے کیلئے یہ میچ کھیلے گی، جیسا کہ ٹیم انڈیا نے حال ہی میں منعقدہ ٹی ٹوئنٹی سیریز میں میزبان کو تین - صفر سے ہرایا تھا۔